آج سعودی عرب جدید ترقی، معاشی استحکام، سفارتی اثر و رسوخ اور علاقائی اہمیت کے حوالے سے بھی دنیا کے اہم ممالک میں شمار ہوتا ہے لیکن سعودی عرب کی اصل اہمیت صرف اس کی معاشی قوت یا جغرافیائی حیثیت میں نہیں، بلکہ اس کردار میں ہے جو وہ مسلم دنیا کے اجتماعی معاملات میں ادا کرتا ہے۔ حرمین شریفین کی خدمت، حج و عمرہ کے انتظامات، اسلامی دنیا کے مختلف ممالک کے ساتھ تعلقات، علاقائی امن کیلئے سفارتی کوششیں اور انسانی امداد کے میدان میں سعودی کردار اسے مسلم امہ کیلئے ایک اہم مرکز بناتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سعودی عرب کا امن اور استحکام صرف سعودی عوام کی ضرورت نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ اور خطے کے امن سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ بالخصوص مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی ہر مسلمان کیلئے عقیدت اور جذبات کا معاملہ ہے۔ حرمین شریفین کی طرف اٹھنے والی ہر خطرناک پیش رفت پر عالم اسلام میں تشویش پیدا ہونا ایک فطری امر ہے۔ ایسے وقت میں جب سعودی عرب ایک مرتبہ پھر حوثی ملیشیا کے میزائل اور ڈرون حملوں کا سامنا کر رہا ہے، عالمی برادری کیلئے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ شہری آبادی، شہری تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ سعودی وزارت خارجہ نے 8 ستمبر کو بتایا کہ ایسا ہی حملہ، جازان اور نجران میں شہری اور اقتصادی اہداف کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 73 شہری زخمی ہوئے، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ سعودی عرب نے اپنے دفاع، اپنی خودمختاری اور اپنے شہریوں کے تحفظ کے حق پر زور دیا۔ حالیہ حملوں میں صورتحال مزید تشویشناک ہوئی۔ 19 ستمبر کو ریاض کے علاقے میں حوثیوں کی جانب سے حملے کا دعویٰ سامنے آیا، جبکہ سعودی حکام کے مطابق ریاض کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضائی دفاعی نظام نے روک لیا۔ اسی دوران ینبع میں آرامکو کی تنصیب کو بھی نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا۔ یہ حملے صرف سعودی عرب کی سرحدوں تک محدود مسئلہ نہیں۔ بحیرہ احمر اور باب المندب میں تجارتی جہاز رانی کو لاحق خطرات عالمی تجارت، توانائی کی ترسیل اور خطے کے امن پر براہِ راست اثر انداز ہوتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے 18 ستمبر کو سعودی عرب پر جاری حوثی حملوں، شہریوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والے نقصانات اور بحیرہ احمر و باب المندب میں تجارتی جہاز رانی کو لاحق خطرات کی شدید مذمت کی۔ سلامتی کونسل نے سعودی عرب کے اپنے دفاع کے فطری حق کو بھی تسلیم کیا۔

اس پس منظر میں سعودی عرب کے موقف کو سمجھنا ضروری ہے۔ ریاض کا کہنا ہے کہ ریاست کی خودمختاری، شہریوں اور قومی تنصیبات کا تحفظ اس کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اسے بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے دفاع کیلئے ضروری اقدامات کا حق حاصل ہے۔ خلیجی تعاون کونسل نے بھی سعودی عرب پر حوثی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خلیجی ممالک سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہیں اور اس کی سرزمین، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کیلئے کیے جانے والے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں۔

پاکستانی عوام کیلئے سعودی عرب سے تعلق محض سفارتی یا معاشی تعلق نہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مذہبی، تاریخی، عوامی اور برادرانہ رشتے کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔ لاکھوں پاکستانی ہر سال سعودی عرب کا سفر کرتے ہیں، بالخصوص حج اور عمرہ کی ادائیگی کے لیے سعودی عرب میں موجود پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک انسانی پل کا کردار ادا کرتی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ حرمین شریفین کے تقدس، سعودی عرب کی خودمختاری اور اس کی سلامتی کو اہمیت دی ہے۔ ایسے حالات میں جب سعودی سرزمین پر شہری علاقوں اور بنیادی تنصیبات کو حملوں کا سامنا ہو، پاکستان سمیت مسلم دنیا کی ذمہ داری ہے کہ وہ دہشت گردی، تشدد اور شہریوں کو نشانہ بنانے کی واضح مذمت کرے اور خطے میں امن و استحکام کیلئے سفارتی کوششوں کی حمایت کرے۔ سعودی عرب کی اہمیت کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ وہ مسلم دنیا کے مختلف ممالک کے ساتھ رابطے اور سفارت کاری میں ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ فلسطین، شام، یمن، لبنان اور دیگر علاقائی مسائل پر سعودی سفارت کاری اور اس کی بین الاقوامی سرگرمیاں مشرق وسطیٰ کے سیاسی منظر نامے پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ سعودی عرب کا استحکام پورے خلیج اور وسیع تر خطے کے استحکام سے جڑا ہوا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ یمن کا بحران صرف عسکری طاقت سے حل نہیں ہو سکتا۔ مستقل امن کے لیے سیاسی مذاکرات، یمنی عوام کی خواہشات، علاقائی سلامتی اور انسانی ضروریات کو سامنے رکھنا ہوگا۔

قومی دن کے موقع پر سعودی عرب کی سب سے بڑی کامیابی صرف بلند عمارتیں، جدید شہر، معاشی منصوبے یا ترقیاتی پروگرام نہیں بلکہ وہ استحکام بھی ہے جس کے ذریعے لاکھوں مسلمان اطمینان کے ساتھ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا سفر کرتے ہیں۔ حرمین شریفین کی خدمت ایک ایسی ذمہ داری ہے جس کی اہمیت کسی بھی سیاسی یا معاشی پیمانے سے نہیں ناپی جا سکتی۔ آج جب سعودی عرب اپنے قومی دن کی خوشیاں منا رہا ہے، عالم اسلام کی خواہش یہی ہونی چاہیے کہ سعودی عرب امن، ترقی اور استحکام کے سفر کو جاری رکھے۔ حوثیوں سمیت کسی بھی فریق کی طرف سے شہریوں، مقدس مقامات، توانائی کے بنیادی ڈھانچے یا بین الاقوامی جہاز رانی کو نشانہ بنانا خطے کے امن کے لیے نقصان دہ ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ حملوں کا سلسلہ روکا جائے، شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور اختلافات کا حل طاقت کے بجائے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تلاش کیا جائے۔

سعودی عرب کے قومی دن پر دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مملکت سعودی عرب کو امن، سلامتی، استحکام اور مزید ترقی عطا فرمائے، حرمین شریفین کو ہر قسم کے خطرے سے محفوظ رکھے، اور امت مسلمہ کو باہمی اتحاد، امن اور خوشحالی کی راہ پر گامزن فرمائے۔ آمین۔

دہرا امریکی کردار

ندیم اختر ندیم

مشرق وسطیٰ کی سیاست کئی دہائیوں سے بارود کے ڈھیر پر کھڑی ہے مگر حالیہ پیش رفت نے اس پورے خطے کو ایک ایسے نازک موڑ پر لا کھڑا کیا ہے جہاں سے ذرا سی بے احتیاطی بھی ایک وسیع تر تباہی کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کا بچھایا ہوا وہ سیاسی اور عسکری کھیل، جو ایک طویل عرصے سے اس خطے میں کھیلا جا رہا تھا، اب اپنے آخری اور انتہائی خطرناک مرحلے میں داخل ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ اس کھیل کا بنیادی مقصد خطے میں اپنی برتری قائم کرنا، تمام مخالف آوازوں کو خاموش کروانا اور تیل و گیس کے ذخائر کو اپنی دسترس میں لینا تھا، جس کے تحت پہلے مرحلے میں ایران کو تنہا کر کے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کرنا تھا لیکن تمام تر اقتصادی پابندیوں، عسکری دھمکیوں اور علاقائی محاصرے کے باوجود جب ایران کو جھکایا نہ جا سکا تو اب جنگ کا رخ اور حکمت عملی یکسر بدل دی گئی ہے۔

ایران پر براہ راست دباؤ بڑھانے میں ناکامی کے بعد، اب ایرانی حمایت یافتہ حوثی باغیوں کو ایک مہرے کے طور پر استعمال کر کے سعودی عرب کے مفادات اور اس کی سکیورٹی ...

مفادات کی خاطر علاقائی حلیفوں کو اکیلا چھوڑ دیتی ہیں اور جنگ کی آگ کو اپنے حریفوں کے گلی کوچوں تک محدود رکھنا چاہتی ہیں۔ امریکہ کا یہ دوہرا معیار اس بات کا ثبوت ہے کہ خطے میں پائیدار امن ان کی ترجیح کبھی نہیں رہا، بلکہ طاقت کے توازن کو اپنے حق میں بنائے رکھنا ہی ان کا اصل ہدف ہے۔

اسی کشیدہ صورت حال کے دوران ایک ایسا دلخراش اور اشتعال انگیز واقعہ پیش آیا ہے جس نے پوری امت مسلمہ کے دل چھلنی کر دیے ہیں۔ یمنی حوثی باغیوں کی جانب سے ارض مقدس، مکہ مکرمہ کی طرف ایک ڈرون روانہ کیا گیا جس کا مقصد مقدس فضاؤں کی حرمت کو پامال کرنا تھا۔ الحمد للہ، سعودی فوجی اتحاد کی بیدار مغزی اور جدید دفاعی نظام کی بدولت اس تباہ کن ڈرون کو مکہ مکرمہ کی محفوظ فضائی حدود میں داخل ہونے سے قبل ہی فضاء میں تباہ کر دیا گیا۔ سعودی عسکری حکام نے اس واقعے کے فوراً بعد دوٹوک اور واضح الفاظ میں دنیا پر واضح کر دیا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ ایک ایسی "سرخ لکیر" ہے جس پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ دنیا بھر کے سوا ارب سے زائد مسلمانوں کی عقیدت، محبت اور ایمان کا محور ہیں ...

مقامات کے احترام کا بھی پاس نہیں رہا۔ ارض مقدس کی طرف کسی بھی جارحیت کا اٹھنا تمام مسلمانوں کے ایمان پر حملہ ہے اور اسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

بازاری رویے

ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی

سیاسی کارکن اور بے رحم سیاست

نسیم شاہد

ملتان میں پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکن ایم سلیم راجہ کا کسمپرسی کے عالم میں انتقال ہوا تو مجھے پھر یہ بات یاد آ گئی کہ سیاسی جماعتوں کو مفت میں یہ کارکن میسر آ جاتے ہیں ان کی کمروں پر اپنے اقتدار کا تخت سجانے والے کہاں سے کہاں پہنچ جاتے ہیں مگر وہ وہیں کے وہیں رہتے ہیں اور بالآخر دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ ایم سلیم راجہ کی قسمت تو پھر بھی اچھی تھی کہ محترمہ بے نظیر بھٹو جب پہلی مرتبہ اقتدار میں آئیں تو انہوں نے اندرون شہر ملتان کے رہنے والے اس نام کے راجہ کو اپنی تجارت کی وزارت کا مشیر برائے وزیراعظم بنا دیا۔ کوئی اختیار تھا اور نہ کوئی حالات بدلنے کا امکان۔ البتہ اسے جھنڈے والی گاڑی مل گئی تھی۔ وہ اندر سے پکا جیالا تھا۔ ایک عام سے غریب گھرانے کا نوجوان، مگر تھا بہت مخلص اور سچا و کھرا۔ یہ اس کے لئے خوابناک دن تھے ...

خیال تھا کہ پیپلز پارٹی والوں کو شاید اس کی بیماری کی خبر نہیں ہوئی۔ خبر ہوتی تو سید یوسف رضا گیلانی کو بتاتے کہ اس وقت پیپلز پارٹی کا سب سے کھرا اور پرانا جیالا بستر مرگ پر ہے اور کچھ نہیں کر سکتے تو چار کے اس کی مزاج پرسی ہی کر آئیں۔ پوچھیں تو سہی بیماری کیا ہے؟ کسی اچھے ہسپتال ہی میں داخل کرا دیں۔ سنا ہے سندھ میں پنجاب سے اچھی طبی سہولتیں موجود ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کو کہہ کر کراچی کے بڑے ہسپتال ہی سے علاج کرا دیں۔ زندگی تو اللہ کے ہاتھ میں ہے تاہم ایم سلیم راجہ کی آنکھوں میں اس وقت جو بے بسی نظر آ رہی ہے وہ تو کم ہو جائے گی مگر میں نے دیکھا کہ پیپلز پارٹی یا گیلانی خاندان کی طرف سے ایسی کوئی سرگرمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ سینٹ کی چیئرمین شپ اور چار اسمبلی کی نشستیں ایم سلیم راجہ کے کسی کام نہ آئیں۔ البتہ سماجی تنظیموں کے افراد مسلسل اس کے پاس جاتے رہے، مگر وہ صرف پھول پیش کر کے واپس آ جاتے تھے ...

فارس اک پارس!

مجیب الرحمٰن شامی

جماعت اسلامی کا لانگ مارچ یا نعمت غیر مترقبہ

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

کوئٹہ سے شائع ہونے والا آزاد صحافت کا علمبردار

Email: dailymeherdarqt@gmail.com

DAILY MEHERDAR QUETTA

روزنامہ مہردر کوئٹہ

ایڈیٹر: سید ہاشم آغا

Ph:081 2868355

جلد 13 | پیر 28 ستمبر 2026ء، 15 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ 136

آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین CBA بلوچستان کی صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس

کیسکو فیکٹری کے حالات ملازمین کی جانوں کو عدم تحفظ اور کیسکو کے دفاتر و اثاثہ جات کی حفاظت پر تشویش

چیئرمین کیسکو بی او ڈی کا پس منظر فوج کے محکمے سے رہا ہے اور انھوں نے آتے ہی کیسکو کے بعض کرپٹ افسروں کی ایماء پر یونین کے ساتھ بلاوجہ تنازع کھڑا کیا اور اس تنازعے کا کوئی جواز نہیں ہے

کیسکو بورڈ، کیسکو انتظامیہ اور سی بی اے یونین کے عہدیدار مل کر ادارے کی ترقی، صارفین کی بہتر خدمت، کارکنوں کی فلاح و بہبود اور ان کی جان کی حفاظت کیلئے بہتر کام کر سکتے ہیں، محمد رمضان اچکزئی

این آئی آر سی فل بینچ نے یونین کو سی بی اے اسٹیٹس کے احکامات جاری کیے ہیں تو یونین امید رکھتی ہے کہ کیسکو بورڈ اور کیسکو انتظامیہ مزدوروں کی جان کی حفاظت اور مسائل کے حل کیلئے بات چیت کا اہتمام کرینگے، شرکاء

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) بلوچستان کی صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت مرکزی جوائنٹ صدر و صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوئٹہ اور صوبے کے دیگر شہروں میں واقع کیسکو دفاتر کی حالت زار، ملازمین کی جانوں کو عدم تحفظ اور کیسکو کے دفاتر و اثاثہ جات کی حفاظت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شرکاء نے بتایا کہ چیف ایگزیکٹو آفس کوئٹہ کینٹ میں واقع ہونے کے باوجود وہاں پر 14 اگست 2026 کو جشن آزادی کی تقریب تقریب کی وجہ سے نہیں منائی جا سکی اور جب مزدور اپنے غیر محفوظ حالات کار اور جان کی حفاظت کیلئے کیسکو ہیڈ آفس گئے تو کیسکو مزدوروں کو آفس کے اندر آنے سے روکا۔ مزدوروں میں مزید تشویش کا باعث بنا۔ شرکاء نے کہا کہ 1999ء میں لیفٹیننٹ

بقیہ نمبر 1 اندرونی صفحہ پر

صدر مملکت اور وزیراعظم کا بلوچستان میں کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بلوچستان میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے کلیئر کرنا سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے، آصف علی زرداری

بلوچستان میں 71 سے زائد دہشتگردوں کی ہلاکت سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا منہ بولتا ثبوت ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے آپریشن شعبان اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور افغان طالبان کی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف

بقیہ نمبر 3 اندرونی صفحہ پر



نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ریاست دشمن عناصر کو ان کے انجام تک پہنچایا جائیگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے غیور اور امن پسند عوام صوبے میں پائیدار امن کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں

بزدل دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں کبھی بھی بدامنی پیدا کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے، میر سرفراز بگٹی کا آپریشن شعبان پر اظہار اطمینان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آپریشن شعبان میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر گہرے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری بہادر سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ الیکٹرانک میڈیا کے لیے جاری کردہ ٹکرز اور اہم اطلاعات کے مطابق، وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ آپریشن شعبان کے دوران سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد منظم ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنا کر تباہ کر دیا ہے۔ اس کامیاب آپریشن کے دوران اب تک 33 دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران سکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے مزید 23 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا ہے۔ مختلف اضلاع میں ہونے والی کارروائیوں کی تفصیلات دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ دوشی میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران 11 دہشت گرد ہلاک کیے گئے، جبکہ منڈ کے علاقے میں کی گئی کارروائی کے دوران بھی 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران ہونے

بقیہ نمبر 2 اندرونی صفحہ پر

وزیراعظم کا خطاب فلسطینی مشن نے سوشل میڈیا پر نمایاں کر دیا

فلسطینی خواتین، بچوں اور بزرگوں پر ہونے والے مظالم کو عالمی ضمیر کے سامنے اجاگر کیا

عالمی برادری کے سامنے غزہ کے بچوں کے حق زندگی، بہتر مستقبل اور خوابوں کی تکمیل کا سوال اٹھایا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف کے جنرل اسمبلی سے خطاب کے الفاظ کو اقوام متحدہ میں فلسطینی مشن نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر نمایاں کر دیا۔ فلسطینی مشن کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے جنرل

بقیہ نمبر 4 اندرونی صفحہ پر

ڈی آئی خان، درازندہ چیک پوسٹ دھماکے میں شہید 3 اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

ڈیرہ اسماعیل خان (آئی این پی) ڈی آئی خان کی درازندہ چیک پوسٹ دھماکے کے 3 شہدا کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ کمشنر کے حوالدار قربان، سپاہی اسامہ اور سپاہی اہلکار شریف اللہ کی نماز

بقیہ نمبر 5 اندرونی صفحہ پر

سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، محسن نقوی

سکیورٹی فورسز نے کامیاب آپریشنز کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا

وفاقی وزیر داخلہ کا بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے متعدد دہشتگردوں

بقیہ نمبر 6 اندرونی صفحہ پر

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی ڈیرہ اسماعیل خان خودکش حملے کی مذمت

دہشت گرد اور ان کے سہولت کار کسی رعایت کے مستحق نہیں، قوم اور سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے کیلئے متحد ہیں

افغان سرزمین پاکستان کیخلاف دہشت گردی کیلئے استعمال نہیں ہونی چاہیے، مسلح عناصر کیخلاف موثر اقدامات کیے جائیں، بیان

اسلام آباد (آئی این پی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ڈیرہ اسماعیل خان کے درازندہ علاقے میں پولیس اور کسٹمز کی مشترکہ چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی شدید مذمت اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں مذکورہ خودکش حملے کے نتیجے میں شہید ہونے والے سکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں سکیورٹی چیک پوسٹ کو

بقیہ نمبر 14 اندرونی صفحہ پر

صدر مملکت کا نئی آبدوز ہنگور کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ پر اسے خراج تحسین

پاکستان کی بحری دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ ملکی سمندری حدود و علاقائی امن کے قوم کے عزم کا عکاس ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاک بحریہ کی نئی آبدوز "ہنگور" کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ پر پاک بحریہ کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر

بقیہ نمبر 7 اندرونی صفحہ پر

دہشتگردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، وفاقی وزیر خزانہ

ڈی آئی خان میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی مذمت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈی آئی خان کے امان میلہ میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے اور کسٹمز و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادت

بقیہ نمبر 15 اندرونی صفحہ پر

وزیراعظم کا نئی آبدوز ہنگور کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ پر اسے خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان بحریہ اور اس کی قیادت کو علیت میں شامل کی جانے والی نئی آبدوز "پی این ایس/ ایم ہنگور" کیلئے ویپن فائرنگ کے پہلے کامیاب تجربے پر خراج تحسین پیش کرتے

بقیہ نمبر 17 اندرونی صفحہ پر

مسلح افواج ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے چیلنجز سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی پاک بحریہ کو پی این ایس ہنگور کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے پر مبارکباد

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان بحریہ اور اس کی قیادت کو نئی شامل کی جانے والی آبدوز پی این ایس ہنگور کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے خراج

بقیہ نمبر 8 اندرونی صفحہ پر



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی افضل محمد نورزئی اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کیخلاف جو بھی اسلحہ اٹھاتا ہے وہ دہشتگرد ہے: سہیل آفریدی

درازندہ میں دھماکے پر افسوس ہوا، دھماکے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

ڈی آئی خان (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ پاکستان کے خلاف جو بھی اسلحہ اٹھاتا ہے وہ دہشت گرد ہے۔ ڈی آئی خان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ درازندہ میں دھماکے پر

بقیہ نمبر 16 اندرونی صفحہ پر

وفاقی مشیر خرم شہزاد کا فرض کی ادائیگی کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر اہلکاروں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے فرض کی ادائیگی کے دوران جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے کسٹمز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بہادر

بقیہ نمبر 18 اندرونی صفحہ پر

اکیسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب

گورنر جعفر خان مندوخیل کا شرکا میں اسناد اور یادگاری شیلڈز تقسیم

کوئٹہ (آئی این پی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اکیسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس

بقیہ نمبر 9 اندرونی صفحہ پر

پاکستان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں صف اول کا کردار ادا کر رہا ہے، اقوام متحدہ

سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

افغان عبوری حکومت اپنی سرزمین کو دہشتگردی کیلئے استعمال ہونے سے روکے اور ملک سے دہشتگردی کا خاتمہ کرے، گفتگو

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن ڈی جارک نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول کا کردار ادا کر رہا ہے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو میں اسٹیفن ڈی جارک نے کہا اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل

بقیہ نمبر 10 اندرونی صفحہ پر



بیلا روس، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سرجری سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے، جنید اکبر

پشاور (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے لیکن ہم اپنے فیصلوں میں بااختیار

بقیہ نمبر 19 اندرونی صفحہ پر



کوئٹہ، آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالقادر مندوخیل، میر عبدالسلام لانگو، ملک مجیب مینگل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، گٹر میں گرنے سے ایک ہی خاندان کی دو بچیاں جاں بحق

جعفرآباد (بی این ایم) ڈیرہ مراد جمالی میں ایک ہی خاندان کی دو بچیاں گٹر میں گر کر جاں بحق ہوگئیں، پولیس حکام کے مطابق، پولیس کے

بقیہ نمبر 12 اندرونی صفحہ پر

سیاحت پاکستان کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے

سیاحتی ترقی سے ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہوگا، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ سیاحت پاکستان کی تقدیر بدلنے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے عالمی یوم سیاحت کے موقع پر پیغام میں کہا کہ پاکستان کے شمالی علاقے، پہاڑی وادیاں، وادی

بقیہ نمبر 11 اندرونی صفحہ پر

نیپرا کی بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کے لیے نئے گرڈ شیئرنگ چارجز کی تجویز

صنعتی اور اسٹیل فرنس صارفین کیلئے چارجز پر بھی نظرثانی کی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) نیپرا نے بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کے لیے گرڈ شیئرنگ چارجز سے متعلق نئے قواعد تجویز کیے ہیں، مجوزہ ترامیم

بقیہ نمبر 21 اندرونی صفحہ پر

پی ٹی آئی مارچ کے ذریعے کیا کرنی چاہتی ہے یہ زیادہ اہمیت رکھتا ہے، بیرسٹر دانیال چوہدری

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے رہنما بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی کی مارچ سے متعلق جو تیاری تھی سب کے سامنے ہے، پی ٹی آئی مارچ کے ذریعے کیا کرنی چاہتی ہے یہ زیادہ اہمیت رکھتا ہے، پی ٹی آئی نے کے

بقیہ نمبر 20 اندرونی صفحہ پر

پاکستان ڈیجیٹل فنانس کے فروغ کیلئے عالمی سطح پر اہم کردار ادا کر رہا ہے، بلال ثاقب

گلوبل ساؤتھ کو ٹیکنالوجی کے شعبے میں صرف صارف نہیں بلکہ فیصلہ سازی کا حصہ بننا ہوگا

نیویارک (آئی این پی) وزیر مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان ڈیجیٹل فنانس

بقیہ نمبر 23 اندرونی صفحہ پر

سرائے عالمگیر، تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی

سرائے عالمگیر (آئی این پی) سرائے عالمگیر میں جی ٹی روڈ پر تیز رفتار موٹر سائیکل سوار نے سڑک کراس کرتے شہری کو کچل دیا، حادثے کے نتیجے

بقیہ نمبر 13 اندرونی صفحہ پر



کوئٹہ، ضلع موسیٰ خیل قومی اتحاد کے معتبرین سردار عیسیٰ خان، سردار عبداللہ خان، بیرسٹر حنیف خوندی، بہادر خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

4 اکتوبر کو بھی مارچ نہیں ہوگا، شیر افضل مروت

پی ٹی آئی نے دو ماہ کا وقت تیاری کیلئے لیا لیکن تیاری حکومت نے کر لی

اسلام آباد (آئی این پی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے دو ماہ کا وقت اپنی تیاری کیلئے لیا لیکن تیاری حکومت نے

بقیہ نمبر 22 اندرونی صفحہ پر

لکی مروت، دہشتگردوں کی فائرنگ سے 3 افراد شہید، 3 زخمی

جاں بحق ہونے والوں کی شناخت عمیر، صدیق امین اور علیان کے نام سے ہوئی

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں دہشتگردوں کے حملے میں 3 افراد شہید جبکہ 3 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق

بقیہ نمبر 24 اندرونی صفحہ پر

پی ٹی آئی لانگ مارچ، اسلام آباد میں سکیورٹی انتظامات پر کروڑوں روپے کے اخراجات

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی انتظامات پر روزانہ کروڑوں روپے خرچ ہونے کا

بقیہ نمبر 31 اندرونی صفحہ پر

بھارتی وزیر خارجہ کے خطاب کے دوران اقوام متحدہ ہیڈکوارٹرز کے باہر کشمیریوں کا احتجاجی مظاہرہ

کشمیر سے متعلق اپنی قراردادوں پر عملدرآمد اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت کا مطالبہ

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز کے باہر کشمیری امریکن کمیونٹی کے زیر اہتمام بھارتی وزیر خارجہ کی تقریر کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور مسئلہ کشمیر پر عالمی ادارے سے اپنی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد کا

بقیہ نمبر 34 اندرونی صفحہ پر

پاک بحریہ نے پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کر لی

پاک بحریہ کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ، طویل فاصلے تک مار کرنے والا شپ کروز میزائل فائر کیا

ہنگور کی کامیاب فائرنگ پاک بحریہ کی زیر آب جنگی صلاحیتوں میں اہم سنگ میل ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آئی این پی) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کر لی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کی اور پی این ایس/ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا۔ آئی ایس پی آر کا

بقیہ نمبر 26 اندرونی صفحہ پر

ایمرجنسی لگے یا گورنر راج، حکومت لانگ مارچ نہیں کرنے دیگی، اعجاز الحق

میری نظر میں 4 اکتوبر کے لانگ مارچ سے قبل کے پی حکومت ختم ہو جائے گی

لاہور (آئی این پی) مسلم لیگ ضیا کے سربراہ اعجاز الحق نے کہا ہے کہ میری نظر میں 4 اکتوبر کے لانگ مارچ سے پہلے خیبر پختونخوا حکومت ختم ہو جائے گی۔ ایک انٹرویو انہوں نے کہا کہ ریلیف کا بھی طریقہ ہوتا ہے دھمکیوں سے ریلیف

بقیہ نمبر 25 اندرونی صفحہ پر

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام کی مسقط آمد، پاکستانی سفیر و کاروباری شخصیات نے استقبال کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائے پی) رانا مشہود احمد خان مسقط پہنچ گئے، پاکستان کے سفیر سید نوید

بقیہ نمبر 32 اندرونی صفحہ پر

ایف بی آر اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکسز مسترد

پی ایم اے بلوچستان کا 30 ستمبر کی ملک گیر ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان

صحت کوئی تجارتی کاروبار نہیں، پی او ایس نظام اور چھاپوں کا سلسلہ بند کیا جائے، ترجمان

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے ڈاکٹروں اور نجی طبی اداروں پر نافذ کیے گئے نئے ٹیکس نظام کے خلاف پی ایم اے مرکز کی جانب

بقیہ نمبر 35 اندرونی صفحہ پر

پارلیمانی استحقاق کسی رکن اسمبلی کو قانون سے بالاتر نہیں بناتے، بابر سلیم سواتی

وزیر داخلہ منتخب نمائندے ہوتے تو جانتے کہ ارکان اسمبلی کو حاصل پارلیمانی استحقاق نئی ایجاد نہیں

ہر کرپٹ رکن تفتیش، مقدمے اور عدالتی کارروائی کا سامنا کرے گا، اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کا ردعمل

پشاور (آئی این پی) اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ارکان اسمبلی کو حاصل پارلیمانی استحقاق کوئی نئی ایجاد نہیں ہے۔ اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی نے اپنے بیان

بقیہ نمبر 27 اندرونی صفحہ پر

کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق سی ٹی ڈی کی تحقیقات جاری

کوہاٹ (آئی این پی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی تفتیشی ٹیم کی 18 ستمبر کو کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش دھماکے سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشت گرد پولیس لائنز تک بارود سے بھری گاڑی اور رکشہ استعمال کر کے پہنچے، خودکش

بقیہ نمبر 28 اندرونی صفحہ پر



کوئٹہ، نیو پہناؤ بوتیک اینڈ سیلون کے زیر اہتمام ونگ کے میک اپ کے مقابلوں کا افتتاح سربراہ پہناؤ زارا خان، ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر مینگل، فاطمہ خان کر رہی ہیں

اسلام آباد، لانگ مارچ موخر ہونے کے باوجود کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) تحریک انصاف کی

بقیہ نمبر 33 اندرونی صفحہ پر



کوئٹہ، سینئر صحافی ظاہر خان ناصر سے ان کے بھائی عبداللہ خان ناصر کی وفات پر رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر اور پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی فاتحہ خوانی و تعزیت کر رہے ہیں

سیکرٹری ایس آئی ایف سی کی عالمی بینک کے وفد سے اہم ملاقات، کاروباری قوانین آسان بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں کاروباری ماحول اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے اصلاحات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں سیکرٹری ایس آئی ایف سی کی عالمی بینک کے وفد سے اہم ملاقات

بقیہ نمبر 29 اندرونی صفحہ پر

حکومت سیاحت کے فروغ کیلئے فعال اقدامات کر رہی ہے، وزیراعظم

حکومت پرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے

سیاحت و تفریح پر توجہ دراصل صحتمند ذہن اور خوش آئند ترجیحات کا مظہر ہے، عالمی یوم سیاحت کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ملک بھر میں سیاحت کے فروغ کیلئے فعال اقدامات کر رہی ہے۔ عالمی یوم سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور دنیا بھر میں شعبہ سیاحت سے وابستہ افراد اور سیاحوں کے ذوق تحقیق و تجسس اور شوق سیر و سفر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے

بقیہ نمبر 80 اندرونی صفحہ پر



کوئٹہ، رابعہ خواجہ خیل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہی ہیں

بقیہ 1

جنرل سے سپاہی تک پاک فوج کے 44ہزار افسران اور اہلکاران واپڈا اور پاورڈویژن کی کمپنیوں میں تعینات ہوئے اور اس دوران بھی مزدوروں سے متعلق غلط رپورٹنگ کی گئی تھی کہ یونین کی وجہ سے واپڈا اور کمپنیوں میں کام بہتر طریقے سے نہیں ہو رہا لیکن جب پاک فوج کے جنرل سے لے کر سپاہی تک نے دیکھا کہ مزدور پاک فوج کی طرح آئے روز جان کی قربانیاں دے کر بجلی کے نظام کو چلا رہے ہیں جس کے بعد سی بی اے یونین کے ایکٹیویٹیز کو بحال کیا گیا اور پاک فوج کے جنرل سے لے کر سپاہی تک کے افسروں اور جوانوں نے مزدوروں کے ساتھ مل کر ادارے کیلئے بہتر کام کیا۔ شرکاء نے کہا کہ آج کیسکو کے بورڈ میں 13 ایگزیکٹو ڈائریکٹرز ایک وزارت پاورڈویژن سے، ایک وزارت خزانہ سے اور ایک صوبائی حکومت کے انرجی ڈیپارٹمنٹ سے شامل ہیں جبکہ جنرل منیجر اور دیگر 5 ممبران انڈیپنڈنٹ حیثیت سے کیسکو بورڈ میں شامل کیے گئے ہیں

مائن حادثے میں ہلاک کانکنوں کے لواحقین کو معاوضہ ادا کیا جائے، سلطان خان

حکومت اور مائن مالکان کوئلے کی مائنز میں حادثات کی روک تھام کیلئے حفاظتی اقدامات یقینی بنائیں، عبدالستار

کان کنوں کو حفاظتی سامان فراہم کرنے کیساتھ ساتھ انہیں ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے ضروری تربیت بھی دی جائے، گفتگو

سردار عبید گورگیج کی عوامی خدمات قابل تحسین ہیں، میر شیر احمد ہنگوئی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سردار عبیداللہ گورگیج کو صوبائی کابینہ میں شامل کریں



اسلام آباد، وفاقی وزیر علی پیرزادہ ملک وزیر اعظم سہولتی اسکیم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چینی کمپنی کا بلوچ ملازمین سے مبینہ امتیازی سلوک ناقابل قبول

مقامی ملازمین کے ساتھ ناروا سلوک اور سفری مراعات میں تفریق برتی جا رہی ہے، نیشنل پارٹی

ملک مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہو سکتا، عوام پاکستان پارٹی

سیاسی جماعتیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے کردار ادا کریں

اوستہ محمد، اینٹی نارکوٹکس پولیس کی کارروائی، ایک ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

خوشاب، ٹرین کی زد میں آ کر باپ بیٹا جاں بحق

بس اڈے سیل، گاڑیاں ضبط اور این او سی منسوخ کیا جائے گا

چاغی، افغان مہاجرین کی غیر قانونی نقل و حمل پر ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ

ساجد ہسپتال کے سامنے گندے پانی کی نکاسی کو جلد از جلد بہتر کیا جائے

مریض اور شہری گندگی اور ابلتے گٹرز سے تنگ آ گئے ہیں، حکام نوٹس لیں

بلوچستان میڈیا فورم میڈیا پرسنز کی نمائندہ تنظیم بن چکا ہے، مرکزی نائب صدور

فورم کے 10 نکاتی مطالبات کو بلوچستان بھر کے میڈیا پرسنز کی بھرپور حمایت حاصل ہے

بھاگ، دن دیہاڑے ڈکیتی کی واردات، مسلح ڈاکو ہندو تاجر کی دکان سے نقدی لوٹ کر فرار

اٹک، غازی بھروٹھا نہر میں ڈوبنے والے پولیس کانسٹیبل کی لاش نکال لی گئی

کارکنان جماعتی فکر و پیغام گھر گھر پہنچائیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

غیر اسلامی تہذیب کی اندھی تقلید سے بچنے کی ضرورت ہے، بیان

سیکرٹری لائیو اسٹاک صالح بلوچ مالداری کے شعبے میں نمایاں کام کریں گے

جس انداز میں بھاگ دوڑ سنبھالی اس سے اصلاحات کا راستہ ہموار ہوگا، اکرم ہنگوئی

چاغی کی مریم بی بی نے MDCAT میں بلوچستان بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کر لیا

مریم بی بی کی اس کامیابی پر ضلع چاغی کے عوام، اہل خانہ اور تعلیمی حلقوں کی جانب سے خوشی کا اظہار کیا جا رہا ہے

ان کی شاندار کارکردگی کو ضلع چاغی کے لیے اعزاز اور دیگر طلبہ کے لیے حوصلہ افزا مثال قرار دیا جا رہا ہے

کوئٹہ، چاغی (ویب ڈیسک) ضلع چاغی سے تعلق رکھنے والی ہونہار طالبہ مریم بی بی نے میڈیکل کالجز داخلہ ٹیسٹ (MDCAT) میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلوچستان بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کر لی۔ دستیاب تفصیلات کے مطابق مریم بی بی نے (BUMHS MDCAT) میں

عالمی یوم سیاحت پر محکمہ ٹورازم بلوچستان کے زیر اہتمام تقریب

صوبے کے ثقافتی و تاریخی ورثے اور سیاحتی امکانات کو اجاگر کرنے پر زور

راولپنڈی، جعلی تجربہ سرٹیفکیٹس پر نرسوں کو سعودی عرب بھجوانے کا اسکینڈل، دو ملزمان کو 41 سال قید



چیئرپرسن ایم ایچ ایم سیکریٹریٹ بلوچستان ڈاکٹر طاہرہ بلوچ کے ہمراہ ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ حلیمی بیتھ اور ان کی ٹیم کا گروپ فوٹو

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل

زیارت اور گرد و نواح کے گردوں کے مریضوں کو مقامی سطح پر ڈائیلاسز کی سہولت میسر

کراچی، ایف آئی اے کا کال سینٹر پر چھاپہ، سینکڑوں غیر ملکی شہریوں سے فراڈ میں ملوث 70 افراد گرفتار

میر علی حسن زہری کی زیر صدارت اجلاس

حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ماسٹر پلان کی پیش رفت کا جائزہ



کوہلو، پانی کی قلت کے باعث بچیاں پینے کے لئے پانی بھر رہی ہے

کراچی کے نوجوانوں نے بھی نئے صوبے کے قیام کی بھرپور حمایت کر دی

ہرنائی میں پولیس کی کارروائی، منشیات برآمد

آئس کی اسمگلنگ میں ملوث منشیات فروش گرفتار، مقدمہ درج

کوہلو، لوکل گورنمنٹ کے ہوم سولر کی رات کے اوقات میں تقسیم پر عوامی حلقوں کی تشویش

سولر کی تقسیم کا مکمل ریکارڈ اور مستحقین کی فہرست منظر عام پر لائی جائے، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

سیاحت کے فروغ سے معیشت مضبوط ہوگی، فیصل جمالی

بلوچستان کا قدرتی حسن اور ثقافتی ورثہ صوبے کی قیمتی پہچان اور قومی اثاثہ ہے، جس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

پائیدار سیاحت، بہتر انفراسٹرکچر اور سیاحوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کی ضرورت ہے، یوم سیاحت پر پیغام

سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی، پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی

بعض پٹرول پمپس سیل کر دیے جبکہ متعلقہ مالکان پر جرمانے بھی عائد کیے گئے

کراچی، بچی آبادی میں گھر سے خاتون کی گلا کٹی لاش برآمد

صحبت پور، مسلم لیگ ن نے ہمیشہ شائستگی کی سیاست کی ہے

امریکا ایران جنگ رکوانا قیادت کا تاریخی کارنامہ ہے، میر فتح علی خان کھوسہ



کوئٹہ، لیو پیرسیٹو بیوٹیک اینڈ سیلون کے زیر اہتمام دولہن میک اپ کے مقابلوں کے موقع پر بیوٹیشن سربراہ زارا خان، ڈاکٹر صفیہ مینگل، فائزہ سکندر اور دیگر خواتین سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہی ہیں

کراچی پولیو کا مرکزی گڑھ قرار، ڈبلیو ایچ او کا پاکستان پر عالمی سفری پابندیاں برقرار رکھنے کا فیصلہ

کوہلو، تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جائے

ضلع کوہستان مری میں محکمہ خزانہ کی جانب سے بے رول نہ چلنے پر سرکاری ملازمین میں شدید تشویش

پارٹی کارکنان کسی بھی سیاسی جماعت کا بنیادی سرمایہ ہوتے ہیں، صادق عمرانی

پیپلز پارٹی کی تنظیمی صورتحال، آئندہ سیاسی سرگرمیوں پر صوبائی وزیر سے شان ثاقب ابڑو اور میر محمد یعقوب کھوسہ کی ملاقات

پارٹی کارکنان کے مسائل کے حل اور تجاویز قیادت تک پہنچانے کیلئے موثر اقدامات ضروری ہیں، رہنماؤں کا اتفاق

حکومت اور احتجاج کرنے والے انا اور ضد چھوڑ کر بات چیت کریں، سعد رفیق

پہل ہمیشہ ریاست کرتی ہے پہل کی جائے اور جانی و مالی نقصانات سے بچا جائے

پاک حج ایپ پر عازمین کے لیے متعدد سہولیات متعارف

گھر بیٹھے پیکیج، رہائش اور دیگر امور میں ترمیم ممکن ہے، وزارت مذہبی امور

جھرو، اسمگلرز سے مقابلے میں زخمی ایس ایچ او دوران علاج شہید

گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نصیر آباد حقیقی کا قیام، حاجی عبدالقدیر قریشی بلا مقابلہ صدر منتخب

نومنتخب صدر کا ٹھیکیدار برادری کے مسائل اجاگر اور حقوق کے تحفظ کیلئے موثر کردار ادا کرنے کا عزم

کراچی، رینجرز اور ایس آئی یو پولیس کا ڈاکوؤں سے مقابلہ، دو زخمیوں سمیت 3 ملزمان گرفتار

بابا کوٹ، گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن حقیقی نصیر آباد کی نئی کابینہ کا اعلان

نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا گیا، حاجی عبدالقدیر صدر اور محمد مراد جنرل سیکریٹری منتخب



حب، کمشنر سعید احمد وائن سادہ عطا کو چیمبر آف کامرس کے صدر یعقوب کریم شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کراچی، فائرنگ کے مختلف واقعات میں بچے سمیت 3 افراد زخمی

لسبیلہ ایگرو مارٹ کا باقاعدہ افتتاح

زمینداروں اور کاشتکاروں کے لیے زرعی سہولیات کی فراہمی خوش آئند قدم



کوئٹہ، ٹرک میں آلو کی بڑی تعداد میں بوریاں لوڈ کی گئی ہے

پی ٹی آئی لانگ مارچ، راولپنڈی میں واٹر ٹینکر سروس متاثر

پولیس اہلکاروں کیلئے تمام 22 ٹینکرز ٹیکسلا منتقل، شہری نجی ٹینکرز سے مہنگے داموں خریدنے پر مجبور

کراچی، منگھوپیر میں نوجوان روشم حسین کے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے 20 روز سے جاری احتجاج ختم

راولپنڈی، نجی اسکول میں 8 سالہ طالبہ سے مبینہ نازیبا حرکات، چوکیدار اور پرنسپل گرفتار

فیض آباد، محمد جمن پہنور کا گورنمنٹ مڈل اسکول بھاگیہ خان بلیدی کا دورہ

کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ تعلیمی وسائل کا موثر استعمال یقینی بنایا جائے، ہدایت

اوتھل، درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کا تین روزہ عرس اور قدیمی میلہ اختتام پذیر

روحانی شخصیت پیر جمیل شاہ جیلانی مہمان خصوصی، کامیاب پہلوانوں میں انعامات تقسیم

نادرا کا خواتین کے شناختی کارڈ بنوانے کیلئے خصوصی سہولت کا اعلان

خواتین کو برتھ سرٹیفکیٹ کے بغیر بھی شناختی کارڈ بنوانے کی سہولت فراہم کی جائے گی

بلوچستان شاہراہوں پر مختلف حادثات و واقعات میں 53 افراد زخمی

ژوب میں 16 حادثات میں 24، خضدار میں 13 حادثات کے دوران 13 افراد زخمی MERC 1122 کی رپورٹ

لسبیلہ، کچھی، سبی، کیچ اور بارکھان سمیت مختلف علاقوں میں بھی ٹریفک حادثات، زخمیوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی گئی

اوستہ محمد، صارفین کو گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنا رہے ہیں

غیر قانونی گیس کنکشنز اور نادہندگان کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، میر کاخان جمالی

سوراب، گدر اور مضافاتی علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

پرائس کنٹرول کمیٹی ایک سال سے غیر فعال، ضلعی انتظامیہ سوراب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ



اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ سے ورلڈ بینک کے نمائندے ملاقات کر رہے ہیں